بات کھل جائے گی کہ یہ فیصلہ صرف عیسائی مفسرین اور محققین کا ہی نہیں بلکہ بذات خود عہد نامہ جدید (اور عہد نامہ قدیم) کا فیصلہ بھی یہی ہے۔

سو عیسائی مذہبی پیشواوں کو چاہیے کہ وہ اپنے بے جان موقف پر اصرار کرنے کی بجائے حقائق کا سامنا کریں اور اس مذہب کا دامن تھام لیں جس کی کتاب اپنے اول دن سے آج تک جوں کی توں محفوظ بھی ہے اور موجود بھی ۔ نہ اس میں تحریف ہوئی ہے ۔ اور نہ ہوسکتی ہے ۔ قرآن کریم کی محفوظیت کا دعویٰ صرف اہل اسلام ہی نہیں کرتے بلکہ غیر مسلم محققین بھی اس حقیقت کا برملا اعتراف کر چکے ہیں ۔ مشہور فرانسیسی مستشرق ڈیموبین نے اسلام کے موضوع پر بحث کرتے ہوئے لکھا ہے کہ

منصف مزاج آدمی یہ کہنے پر مجبور ہے کہ موجودہ قرآن وہی قرآن ہے جسے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تلاوت کرتے تھے (التفکیر الفلسفی فی الاسلام ص 44 از دکتور عبدالحلیم محمود) معروف عیسائی مورخ مسٹر باڈلے کا کہنا ہے کہ۔

قرآن ہی ایک ایسی کتاب ہے جس میں تیرہ سو برس سے کوئی تبدیلی نہیں ہوئی جو معمولی طور سے بھی قرآن کے مقابلے میں پیش کی جاسکے (ماخوذ از دہریت سے اسلام تک ص 239)

اور آئیے اس پیغمبر گرامی قدر (صلی اللہ علیہ وسلم) کی غلامی کا شرف حاصل کیجئے جنکے تشریف لانے کی پیشگوئی خود سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام دے گئے ہیں ۔ آپ وہی پیغمبر اور خاتم النبیین ہیں جنکی مبارک زندگی کا ایک ایک گوشہ ہمارے سامنے ہے اب آپ ہی کی اتباع سے بھٹکتی ہوئی دنیا کو سکون مل سکتا ہے اور دین دنیا کی نجات آپ کی ہی اتباع میں منحصر ہے۔

مبارک ہیں وہ لوگ جب انکے سامنے حقائق کھل جائیں تو وہ اسے قبول کرلیتے ہیں اور بدنصیب ہیں وہ افراد جو حقائق کے سامنے ہونے کے باوجود اپنی ضد اور انا پر ڈٹے رہتے ہیں۔

وماعلینا الاالبلاغ المبین،

بقیہ افکار و تاثرات

برادر محترم مولانا راشد الحق صاحب

مدیر الحق صاحبزادہ مولانا سمیع الحق نبیرہ مولانا عبدالحق رح

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے کہ مزاج بخیر ہوں گے۔

آج روزنامہ خبریں اسلام آباد اور ماہنامہ الحق کا خصوصی شمارہ پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی آپ نے جس انداز سے طالبان کی حمایت کی ہے اس سے دراصل الحق کی پرانی یاد تازہ کردی ہے خاص کر مولانا شیر علی شاہ صاحب اور مولانا امجد صاحب نے جو ادیبانہ عالمانہ بلکہ مجاہدانہ طرز تحریر اختیار کی ہے وہ یقیناً قابل داد ہے اللہ تعالیٰ الحق کو مزید حق کی ترجمانی نصیب فرمائے آپ کی ابتدائی صحافت اور ادیبانہ کوششیں الحق کیلئے مزید ترقی کا ذریعہ بنیں گی ۔ ہماری دلی دعا ہے کہ فیضان مدنی میزاب حقانی سے یوں ہی جاری وساری رہے۔

فقط والسلام